(3)

محترم جناب سیکریٹری الیکشن کمیشن صاحب
اسلام آباد پاکستان

جناب اعلیٰ۔
گزارش ہے کہ میں مسمی ارشد سہیل ولد حاجی محمد سہیل خان سکنہ B436 سونار گلی شاہی مسجد پٹھان کالونی ضلع غربی کا رہائشی ہوں میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 42401-5890726-5 ہے میں اپنی پیدائش سے اس علاقے کا رہائشی ہوں۔
الیکشن کمیشن نے ضلع غربی کی حلقہ بندیوں کی جو ابتدائی اشاعت کی ہے اس میں بہت زیادہ تضادات اور غلطیاں ہیں، جو کسی بھی لحاظ سے نہ اصول وضوابط کے مطابق ہے (وہ اصول وضوابط جو حلقہ بندیوں کے لیے بنائے گئے ہیں) اور نہ ہی مفاد عامہ میں ہے۔
ابتدائی حلقہ بندیاں زمینی حقائق کے بالکل برعکس ہیں۔
حلقہ بندیوں میں (DE.LIMITATION) قوانین کو بھی نظر انداز کیا گیا ہے۔
حلقہ بندیاں عوام کی منشاء اور مفاد عامہ کے خلاف ہیں۔
حلقہ بندیاں سپریم کورٹ آف پاکستان کے وضع کردہ ہدایات واصولوں کے منافی ہیں۔
حلقہ بندیاں جو کہ برفی کی مانند ہونی چاہیے جلیبی کی طرز پر بنائی گئی ہیں۔
نئی اشاعت شدہ حلقہ بندیوں ووٹر کے لیے آسانی پیدا کرنے کے برعکس پیچیدگیاں پیدا کی گئی ہیں۔
الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ابتدائی اشاعت شدہ حلقہ بندیوں کے مطابق پی ایس ایک سو اٹھارہ (PS-118) مومن آباد سب ڈویژن کے درج ذیل چارجز پر مشتمل ہے چارج نمبر ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ اور نو پر مشتمل ہے۔
الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ابتدائی طور پر اشاعت شدہ حلقہ کسی طور پر ایک صوبائی حلقے کے معیار پر پورا نہیں اترتا، نئی حلقہ بندی قطعی طور پر غیر فطری ہے اور اس میں شامل علاقے ایک دوسرے سے کافی فاصلے پر واقع ہیں۔
پی ایس ایک سو اٹھارہ (PS-118) کے اس حلقے سے مومن آباد سب ڈویژن کے چارج نمبر پانچ، سات، آٹھ، اور نو کو نکال کر اورنگی سب ڈویژن کے چارج نمبر پانچ اور سائٹ سب ڈویژن کے چارج نمبر تین کو شامل کیا جائے کیوں کہ ہر لحاظ سے یہ علاقے ایک دوسرے سے متصل ہیں۔
اور مذکورہ چار خارج شدہ حلقوں کو پی ایس ایک سو انیس (PS-119) میں شامل کیا جائے کیوں کہ مذکورہ حلقے ایک دوسرے سے قرب تر ہیں۔
اسی طرح پی ایس ایک سو بیس (PS-120) جو کہ نئی اشاعت شدہ حلقہ بندیوں کے مطابق مندرجہ ذیل علاقوں پر مشتمل ہے اورنگی سب ڈویژن کے چارج نمبر دو، تین، چار، پانچ، چھ، دس اور گیارہ جب کہ سائٹ سب ڈویژن کے چارج نمبر تین پر مشتمل ہے۔ مذکورہ آبادی میں سے اورنگی سب ڈویژن کے چارج نمبر پانچ اور سائٹ سب ڈویژن کے چارج نمبر تین کو نکال کر پی ایس ایک سو اٹھارہ (PS-118) میں شامل کیا جائے۔
اور پی ایس ایک سو انیس (PS-119) کے اورنگی سب ڈویژن کے چارج نمبر ایک اور بارہ کو PS-120 میں شامل کیا جائے۔
امید کرتا ہوں کہ زمینی حقائق، عوام کو درپیش مشکلات اور ووٹرز کی اپنے نمائندے تک آسانی اور حلقے کی عوام کی قدرتی رابطوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میری استدعا پر غور کیا جائے گا۔

شکریہ

فقط

ارشد سہیل
ولد حاجی محمد سہیل خان سکنہ B436 سونار گلی شاہی مسجد پٹھان کالونی ضلع غربی
کراچی